سوال

(148)امام مقرر موذن بن سکتا ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

امام مقرر موذن بن سکتا ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

امام مقرر موذن بن سکتا ہے، ایک ہی شخص اذان اور اقامت دونوں کا انجام دے سکتا ہے ''والأحسن أن یکون أی الموذن إماما فی الصلوة، کذافی معراج الدرایة،، (عالمگیری 1 41) ، ''الأفضل کون الامام ہوالموذن لقول عمر : لولا الخلافة، لأذنت أی مع الامامة، وفی السراج : أن أبا حنیفة کان یباشر الأذان والاقامة بنفسه ،، کذافی الدر المختار وحاشیته رد المحتار 1/ 372) . کتبه عبیدالله المبارکفوری الرحمانی المدرس بمدرستة دارالحدیث الرحمانیه بدهلی

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 238

محدث فتویٰ